روحانیت حاصل کرنے کے لیے جس طرح صوفیائے کرام کے علم تصوف ومعرفت کا پڑھنا ضروری ہے۔ اسی طرح روحانیت اور عاملیت کے درجہ پر فائز ہونے کے لیے ذکر وفکر اور مجاہدہ وریاضت پر عملاً کاربند ہونا بھی بے حد ضروری ہے۔ حضور پُر نور ﷺ کا ارشاد ہے کہ **اَفْضَلُ الذِّکْرِ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ** یعنی سب سے افضل ذکر لا الہ الا اللہ ہے۔ اس سے ثابت ہوا کہ روحانیت وصلاحیت کی اساس اور بنیاد کلمہ طیبہ ہے اور اسی پر دنیوی اور اُخروی نجات وفلاح کا انحصار اور دارومدار ہے۔ جس شخص نے کلمہ پڑھا وہ جنت میں داخل ہوا۔ لیکن کلمہ پڑھ لینے سے مراد صرف زبانی رٹ لگانا نہیں بلکہ شریعت مطہرہ کے تمام احکام کی پابندی کرنا اور ان پر عمل پیرا ہونے کا نام ہے۔ صوفیائے کرام نے جس طرح ظاہری احکام بجالانے سے جسم کی ظاہری تطہیر کو شریعت کے لیے فرض قرار دیا ہے۔ بعینہٖ باطنی پاکیزگی یعنی تزکیہ نفس اور تصفیہ قلب کے لیے کلمہ طیبہ کے ذکر وفکر کو بھی بے حد ضروری قرار دیا ہے۔

یہ مندرجہ بالا سطور کو ذہن میں رکھتے ہوئے اب عملیات کی بے اثری کی طرف آتے ہیں اکثر لوگ عملیات کی بے اثری کا رونا روتے ہیں کہ کئی عمل کیے مگر کوئی اثر نہیں ہوا لیکن اگر ان سے قواعد کے متعلق دریافت کیا جائے تو شاید کچھ بھی نہ بتا سکیں۔ اس لیے جن احباب کو قواعد وقوانین سے واقفیت نہیں۔ ان کے عمل میں اثر ہونا تعجب ہے۔ اثر نہ ہونا تعجب نہیں۔ جس منزل و مقام کا راستہ ہی کسی کو معلوم نہ ہو۔ اس راستہ میں بھٹک جانا یقینی عمل ہے۔

قوانین عمل میں ایک قانون یہ ہے کہ عامل جس شخص کے لیے عمل کرتا ہے۔ اگر اس کا مزاج اور عمل کا مزاج موافق نہیں تو عمل کام نہ دے گا۔ ہر شخص ہر عمل کرنے لگتا ہے یہ درست نہیں۔ فیصلہ سوچ سمجھ کر کرنا چاہیے۔ عمل اور معمول کا مزاج برعکس ہوگا تو عمل ہرگز کام نہ دے گا۔ مثلاً معمول کا مزاج آتشی ہے اور عمل کا مزاج آبی ہے تو کامیابی ناممکن ہے۔ کیونکہ آب وآتش میں فطری عداوت ہے۔ بعض وہی کام کرنا پڑتا ہے تو مزاج تبدیل کرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔ کاغذ، قلم، روشنائی، اطراف، وقت، پرہیز، بخورات وغیرہ لوازمات کی ضرورت ہوتی ہے۔ قدرت کا ایک خاص راز ہے۔ اگر عمل اس قدر آسان ہوتے کہ جس کا جی چاہا، عمل کے ذریعہ کام نکال لیا تو نظام عالم میں فرق آجاتا۔ ہر شخص جس کو چاہتا قابو کر لیتا اور ناجائز فائدہ اٹھاتا جس کو چاہتا برباد کر دیتا اور جب ہر شخص کے عمل میں اثر مان لیا جائے تو نتیجہ یہ نکلے گا کہ آپ اپنے دشمن کو برباد کرنے کا عمل کریں گے اور اسی طرح آپ کا دشمن آپ سے بدلہ لینے کی کوشش کرے گا۔ دشمن آپ کے عمل سے اور آپ دشمن کے عمل سے تباہ ہو جائیں گے اور دونوں کی حالت خراب ہوگی۔ اسی لیے قدرت نے عملیات کو عام نہیں کیا۔ بعض اصحاب اس قدر بے انصاف ہو جاتے ہیں کہ فیصلہ کرتے وقت کبھی تعلقات پر نظر نہیں کرتے بلکہ کس قدر آسانی سے کہہ دیتے ہیں کہ عملیات وغیرہ سب ڈھکوسلہ ہیں۔ جو خدا چاہے وہی ہوتا ہے۔ کاغذ کے پرزوں یا ہندسوں یا نگوں میں کیا اثر ہے۔ حالانکہ جب پیاس لگتی ہے تو پانی پیتے ہیں اور تسلیم کرتے ہیں کہ پانی میں دفع تشنگی کا اثر ہے۔ بھوک کے وقت کھانا کھا کر اقرار کرتے ہیں کہ غذا میں بھوک کو دور کرنے کی قوت ہے، گرم کپڑا پہننے میں سردی سے بچاؤ کی صلاحیت ہے تو جس طرح دنیا کی ہر چیز میں اثر ہے۔ اسی طرح عملیات میں بھی اثر ہے لیکن ہر چیز سے کام لینے کے لیے قدرت نے ایک خاص قانون بنایا ہے۔ جب تک آپ قانون کے مطابق عمل نہ کریں گے، کامیابی نہ ہو گی۔ یہ بات دوبارہ ذہن نشین کر لیں کہ قرآن مجید کی کوئی آیت یا اسم الٰہی یا کسی بزرگ کی تالیف کردہ کوئی دعا کسی خاص تعداد میں یا بے تعداد کسی خاص وقت میں یا بے تعین وقت پڑھنا اس کا نام وظیفہ ہے۔ اسی طرح کوئی آیت یا دعا کے اعداد نکال کر کسی نقش میں بھر لینا اس کا نام تعویذ ہے۔ لیکن جب کسی آیت یا اسم الٰہی کو خاص قانون کے تحت تعداد

مقررہ کر کے اور دنوں و وقت کا تعین کر کے پڑھیں گے تو یہ عمل ہو گا۔ یعنی یہی وظیفہ عمل کی صورت اختیار کرے گا۔ اس میں بخورات و پرہیز بھی ہوں گے۔ اس طریقہ سے وظیفہ کی طاقت بڑھ جاتی ہے۔ عملیات کا کوچہ تنگ و تاریک ہے، یہ ایک گہرا اور وسیع علم ہے۔ عام نجومیوں کے بس کی بات نہیں وہ عامل بن سکیں۔ چلّے اور وظائف کر سکیں۔ ان سے بدظن ہو کر علم سے بدظن ہونے کی ضرورت نہیں۔ مشاہدہ میں آیا ہے کہ جب کوئی حصول علم کے لیے آتا ہے تو یہ خواہش ہوتی ہے کہ عمل طویل نہ ہو۔ چند دنوں کا ہو اور ہو بھی کسی موکل کی حاضری کا۔ اگر ایسے لوگوں کو سمجھانے کی کوشش کی جائے تو الٹا عزت کو آ جاتے ہیں اور اقوال مولا علی علیہ السلام کا سبق دینا شروع کر دیتے ہیں اور عمر تعلیم پوچھو تو **22** سال اور میٹرک اور نصیحتیں اپنے باپ کو کرنے لگ جائیں گے۔ یہ علم کی جستجو میں رابطہ کرتے ہیں، یہ نہیں خیال کرتے کہ جس سے رابطہ کر رہے ہیں اس پر علمی تجربہ تمہاری عمر سے زیادہ ہے۔ تم پیدا بھی نہیں ہوئے تھے کہ جب وہ حصول علم کے لیے کوشاں ہے۔ آج کل نہ ادب و عزت سے واقفیت نہ حصول علم کا شوق و جذبہ بلکہ اخلاقیات کا درس دینے کے لیے علامہ بن جاتے ہیں۔

بہرحال سب ایک جیسے نہیں ہوتے ایسے بدطینت ساری زندگی سرگرداں رہتے ہیں۔ جن کا مقصد دھوکا دہی اور بدنیت سے بھرپور ہوتا ہے وہی عامل کامل اور ماہر موکلات بن کر موکلات اور پریاں برائے فروخت کے بورڈ لگا لیتے ہیں۔ بہرحال آج کل کی مصروف زندگی میں طویل چلہ کشی کرنا بہت مشکل ہے۔ کیونکہ غم روزگار اتنے فرصت کے لمحات ہی نہیں دیتا۔ چنانچہ ضرورت اس بات کی ہے کہ کوئی ایسا قانون بنایا جائے جس پر عمل کرتے ہوئے کم وقت میں آیات مبارکہ اور اسماء الٰہیہ کی زکات ادا ہو سکے، عامل حضرات تو بہت کم ہوتے ہیں۔ عامل کی تعریف تو یہ ہے کہ جب وہ کسی عمل کی تکرار کر کے اپنے دماغ کو بار بار حرکت دیتا ہے یہاں تک کہ وہ ارادہ پر قابو پا لیتا ہے۔ مشق کے ذریعہ اس کی مہارت جتنی بڑھتی ہے اسی قدر اس کو قوت ارادی کے ذریعہ کام لینے میں آسانی ہو جاتی ہے اسی قسم کے آدمی از روئے جبلت بھی پیدا ہوتے ہیں۔ ان کی طبیعت خود بخود روحانیت کی طرف مائل ہو جاتی ہے اور شروع عمر سے ان چیزوں کو سمجھے بغیر بار بار استعمال کرتے ہیں۔ پہلے سے انہیں یہ علم نہیں ہوتا کہ ہمارے اندر یہ افتاد طبع موجود ہے بلکہ اس قوت کے بار بار استعمال سے جو وہ محض تصریحاً کرتے ہیں، کامیابی ہونے لگتی ہے۔ آہستہ آہستہ ان پر یہ راز منکشف ہو جاتا ہے کہ خیال اور ارادہ سے کام لیا جا سکے۔ جب وہ اس پر عمل کرتے ہیں اور بار بار اس کو دہراتے ہیں اور نتائج حسب دلخواہ پیدا ہوتے ہیں تو وہ خود کو عامل سمجھنے لگتے ہیں۔ لوگ بھی انہیں عامل کے نام سے پکارتے ہیں۔

ہر عامل کو بالطبع اس بات کا یقین ہوتا ہے کہ میں جسے یہ قوت بخش دوں گا وہ بھی میری طرح عامل ہو جائے گا۔ اگر دیکھا گیا ہے کہ کسی عامل نے کسی کو اپنا عمل بخش دیا ہے۔ جسے بخشا ہے اس کی طبیعت بھی وہی بن جاتی ہے جو عامل کی ہے۔ ایک طبیعت کا دوسری طبیعت میں سرایت کر جانا بھی آدمی کا نفسیاتی خاصہ ہے۔ اصل عامل تو بہت ہی شاذ ہوتے ہیں۔ البتہ بخشے ہوئے عامل کافی پائے جاتے ہیں۔ عامل حضرات کے یقین میں یہ بات راسخ ہو جاتی ہے کہ اگر ہم ایسا کریں گے تو ایسا ہو گا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ کامیابی کے مدارج یقین کی قوت پر منحصر ہے۔

ایسے عامل ملنا فی زمانہ دشوار ہے اور طویل زکاتیں ادا کرنا بہت مشکل ہے۔ اسی مشکل کے حل کے لیے آیات قرآنی کی زکات کا سہل ترین طریقہ لے کر حاضر ہوا ہوں۔ یہ طریقہ مجھے عالم جفر سیّد گل حسن شاہ مرحوم سے ملا تھا۔ اسی طرح زکات کی ادائیگی تحویل آفتاب کے وقت کی جاتی ہے۔ یہ زکات اصغر ہوتی ہے اور پورا سال کام کرتی ہے۔ اگلے نوروز کے وقت دوبارہ آپ کو آنے والے قوانین کے مطابق دینی ہو گی۔ اس طرح آپ جس طرح اور جتنی چاہیں آیات کی زکات ادا کر سکتے ہیں۔ یہ منفرد طریقہ بہت زود اثر ہے۔ میں خود اس موقع پر اپنی لوح تسخیر کی زکات ادا کرتا ہوں۔ اپنے سینہ کا راز طشت از بام کر رہا ہوں۔ آپ آئندہ کے لیے طویل چلّوں اور پرہیزوں کے جھنجھٹ سے بچ جائیں گے۔ طریقہ حاضر ہے۔

جس بھی آیت پاک یا اسمائے باری تعالیٰ کی زکات ادا کرنی ہو اس کے اعداد شمسی اور قمری الگ الگ نکال لیں۔ یعنی تمام آیت کے اعداد ایک دفعہ ابجد شمسی سے نکالیں اور ایک بار ابجد قمری سے۔ پھر اس آیت کے تمام حروف کو ملفوظی کریں۔ پھر ملفوظی حروف کے اعداد بھی ابجد شمسی سے اور ابجد قمری سے حاصل کریں۔ یعنی چار قسم کے اعداد آپ کے پاس موجود ہوں گے۔

1- اعداد قمری　　**2-** اعداد شمسی

3- اعداد قمری ملفوظی　4- اعداد ملفوظی شمسی

اب قمری دونوں قسم مجموعہ اعداد کے حروف بنا کر مکرر غین اڑا دیں۔حروف کے آگے''ائیل'' لگا دیں۔اسی طرح شمسی ہر دو قسم کے اعداد کا مجموعہ لے کر مکرر''ی'' اڑا دیں اور حروف بنا کر یوش لگا دیں۔

قمری سے ائیل　　　　شمسی سے یوش

اب قمری مجموعہ اعداد سے مثلث آبی پُر کریں اور شمسی مجموعہ اعداد سے مثلث آتشی پُر کریں۔

اب عامل اپنا نام معہ والدہ اسی طریق پر قمری و شمسی، قمری ملفوظی و شمسی ملفوظی نکالے۔ پھر بطریق سابق قمری، قمری ملفوظی، شمسی، شمسی ملفوظی الگ الگ میزان کرے اور قمری اعداد کے آگے''ائیل'' لگا دیں اور شمسی کے آگے ''یوش'' لگا دیں۔مکرر غین کو اڑا دیں۔ مثلث خاکی قمری اعداد سے اور مثلث بادی شمسی اعداد سے پُر کریں۔گویا چار طبائع کے نقش آپ نے تیار کر لیے۔ اب تحویل آفتاب (در برج حمل کو زنجانی جنتری سے معلوم کریں) سے قبل ایک پرندہ اڑنے والا پکڑ لیں۔اب آپ نے آیات مقدسہ کے چاروں نقش بھر لیے۔عین تحویل کے وقت پہلے غسل کر کے معطر ہو کر صاف پاک رُو بقبلہ ہو کر مشک اور زعفران سے چار نقوش پُر کر لیں۔ایک پاؤ شیرینی اپنے پاس رکھ کر اس پر فاتحہ حضرت سیدنا جعفر صادق کی دے کر دعا کریں۔الٰہی میری یہ زکوٰۃ قبول فرما۔نقش آبی کو آٹے میں لپیٹ کر دریا میں ڈال دیں اور خاکی نقش کو زمین میں دبا دیں اور بادی نقش کو دھاگہ باندھ کر پرندے کے گلے میں باندھ دیں اور آتشی نقش کو عامل اپنے بازو پر باندھ لے۔ یہ سب کام تین گھنٹہ کے دوران کر لیں۔

دوسرے دن سے آیت مبارکہ ایک سو ایک بار روزانہ اکیس دن تک پڑھیں۔بس زکوٰۃ ادا ہو گئی ہے۔اب جس شخص کا جو کام ہو اس مطلب کے اعداد نکال کر معہ نام سائل معہ والدہ شامل کر کے آیت مطلوبہ کے قمری اعداد شامل کریں۔اس کے مطابق نقش پُر کر کے ایک سو ایک بار آیت پڑھ کر پھونک دیں اور سائل کے حوالہ کر دیں۔ ہر سال زکوٰۃ تحویل کے وقت ادا ن کرنا شرط ہے۔ یہ ایک سال کی زکوٰۃ ہو گی۔تحویل آفتاب سے آئندہ تحویل آفتاب تک۔آیت مبارکہ یہ ہے۔

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ قط عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌo فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِo

ابجد شمسی		ابجد قمری		
اعداد عامل افضال حسن بن زبیدہ	لقد جاءکم تا آخر	اعداد عامل معہ والدہ	لقد جاءکم تا آخر	آیت
۳۴۲۸	۴۳۸۵۴	۱۰۵۸	۶۷۸۰	اعداد
۹۱۴۵	۱۱۸۲۳۳	۱۴۷۷	۱۱۲۵۵	ملفوظی اعداد
۱۲۵۷۳	۱۶۲۰۸۷	۲۵۳۵	۱۸۰۳۵	میزان
ت ط ل ب ر ی	خ ظ ب ی ح ر	ھ ل ث ب غ	ھ ل ح ی غ	استنطاق
تطلبر ییوش	خظیحر یوش	ھلثبغا ئیل	ھلحیغا ئیل	موکل یا اعوان
بادی	آتشی	خاکی	آبی	طبع

خاکی (ھلثبغا ئیل)		
۸۴۲	۸۴۹	۸۴۴
۸۴۷	۸۴۵	۸۴۳
۸۴۶	۸۴۱	۸۴۸

آتشی (خظیحر یوش)		
۵۴۰۳۰	۵۴۰۲۵	۵۴۰۳۲
۵۴۰۳۱	۵۴۰۲۹	۵۴۰۲۷
۵۴۰۲۶	۵۴۰۳۳	۵۴۰۲۸

بادی (تطلبر ییوش)		
۴۱۹۲	۴۱۹۳	۴۱۸۸
۴۱۸۷	۴۱۹۱	۴۱۹۵
۴۱۹۴	۴۱۸۹	۴۱۹۰

آبی (ھلحیغا ئیل)		
۶۰۰۸	۸۰۱۴	۸۰۱۳
۸۰۱۶	۸۰۱۲	۶۰۰۷
۸۰۱۱	۸۰۰۹	۸۰۱۵

میں نے نقش سادہ بنائے ہیں لیکن جب زکوٰۃ کے لیے لکھیں گے تو مکمل اضلاع اور موکلات لکھیں گے۔اس طریقہ سے آپ جتنی آیات کی چاہیں زکوٰۃ ادا کر کے ان کی روحانیت سے کام لے سکتے ہیں۔ عملیات کے شائقین کے لیے تحفہ ہے۔یاد رہے نقش تحویل آفتاب سے قبل تیار کر لیں تا کہ وقت پر نقل کر سکیں۔

اصل والاصول......نشست ہفتم

ازتحریر: سیّد اظہر علی بخاری، آزاد کشمیر

قارئین آئینہ قسمت! اللہ آپ کو دائمی خوشیاں نصیب فرمائے (آمین)۔ میرے اس مضمون کو غور سے پڑھیں اللہ نے چاہا تو بہت کچھ حاصل ہوگا۔ استادان کی بات نہیں کر رہا ہوں بلکہ اپنے جیسے کم علم ساتھیوں سے محو گفتگو ہوں۔ سب سے پہلے اس کلیہ کو ذہن میں رکھیں کہ آتش اور باد میں دوستی ہوتی ہے۔ دوست وہی ہوتا ہے جو مصیبت کے وقت کام آئے۔

ایک بات یہ بھی یاد رکھیں کہ ستاروں کی دوستی دشمنی سے مراد انسانوں کی دوستی دشمنی کی طرح نہیں کہ وہ آپس میں لڑتے جھگڑتے، جھوٹ بولتے، حسد کرتے یا پیار ومحبت کرتے ہیں بلکہ جہاں ستارہ اپنی طاقت کھودے یا کم کردے اس مقام کو یا وہاں کے حاکم کو دشمن گنا جاتا ہے اور جہاں ستارہ فلک میں گردش کرتے ہوئے اپنی طاقت کو زیادہ کرتا ہے اس جگہ (برج) یا حاکم برج کو دوست کہا جاتا ہے۔ جیسا آپ تمام صاحبانِ علم جانتے ہیں کہ برج سرطان کے بیسویں درجہ میں جا کر شمس کو اوج کی کیفیت حاصل ہوتی ہے۔ دوستو! کسی بھی ستارے کا کسی برج میں داخلہ شرف واوج وہبوط میں شمار نہیں ہوتا بلکہ خاص درجہ پر پہنچنے کے بعد یہ کیفیت ہوتی ہے۔ تو یقیناً وہ درجہ کسی نہ کسی منزل کے تحت ہوتا ہے جسے ہندی میں پچھتر کہتے ہیں۔ اتنی لمبی بات کرنے کا مقصد یہ ہوا کہ ستارے کو یہ کیفیات کسی برج میں جانے سے نہیں بلکہ منزل کے مخصوص درجہ پر پہنچنے کے بعد حاصل ہوتی ہیں۔ اگر وہ منزل اس ستارے سے ہم آہنگ ہو (عنصر کے مطابق) یا دوستی جیسی عنصر رکھتی ہو تو وہاں وہ ستارہ طاقت پکڑتا ہے اور اگر یہ بات نہ ہو بلکہ عنصر متضاد ہوں تو ہبوطی کیفیت ہوتی ہے۔ برج سرطان کی منزل نثرہ بادی ہے۔ ستارہ شمس آتشی ہے۔ آتش اور باد میں دوستی ہے یوں اس وجہ سے ستارہ شمس کو ہر سال جولائی میں تقریباً 11 جولائی ہی کو اوج ہوتا ہے اور اس سال یعنی 2010ء میں بھی 11 جولائی بروز اتوار دن بعد دوپہر 3 بجکر 7 منٹ سے لے کر 12 جولائی بروز پیر دن بعد دوپہر 4 بجکر 16 منٹ تک اوج ہوگا۔ ایک بات دیکھنے میں آئی ہے کہ ہمارے دوست احباب تقریباً ہر سال ان خاص موقعوں پر اپنے مضامین انتہائی عرق ریزی، خلوصِ نیت سے مختلف روحانی رسالوں میں شائع کراتے ہیں اور ہر سال ہر لکھاری کا مضمون (عملیات و تعویذات) میں مختلف ہوتا ہے جس سے ان کے اہل علم ہونے کا ثبوت ملتا ہے اور قارئین تک اس کو پہنچانے کا وسیلہ بھی بنتے ہیں اور ہر مضمون میں یہ لکھا ہوتا ہے کہ میرا مجرب عمل ہزاروں لوگوں کو دے چکا ہوں، برسوں کا معمول ہے، یہ جھوٹ پلیز نہ لکھا کریں۔ دوسرا اگر آپ کو یقین ہو کہ یہ عمل ہی صحیح ہے تو ہر بار نیا عمل نہ لکھیں بلکہ کسی اور موضوع پر لکھیں۔ صحیح طریقہ سے حاصل شدہ اور تجربات کی کسوٹی پر پرکھا گیا ایک عمل ہی ساری زندگی کام دیتا ہے۔ برا نہ منایئے گا، پیشگی معذرت چاہتا ہوں۔ منزل نثرہ کا منسوبی حرف ح ہے۔
عملیات جفر میں ابجد افسج سے زیادہ کام لیا جاتا ہے اور ابجد افسج کی عنصری تقسیم کے لحاظ سے ح برج اسد کے تحت آتا ہے اور برج اسد کا حاکم شمس ہے۔ یوں اگر ہم ایسے اسماء الٰہی کا انتخاب کریں جن کا پہلا حرف ح ہو اور اس اسم کو اوج شمس میں اعداد مکتوبی ملفوظی نکال کر نقش ذوالکتابت ترتیب دیں اور ساتھ ہی اسم اعظم متعلقہ کا ورد کریں تو پھر معلوم ہوگا کہ اوج کیا ہوتا ہے اور روحانی ترقی کس کو کہتے ہیں۔ عروج ومرتبہ کیسے حاصل ہوتا ہے، لوگ عزت کیسے کرتے ہیں، رکاوٹیں کیسے دور ہوتی ہیں، جاہ وجلال کیا ہوتا ہے، دشمن کیسے ذلیل ہوتا ہے، خواہشات کیسے پوری ہوتی ہیں۔

میں نے بات کو مکمل وضاحت کے ساتھ سمجھا دیا ہے۔ نشست نمبر پنجم میں نقش ذوالکتابت سمجھا دیا تھا وہاں سے دیکھ لیں۔ اسم الٰہی کا چارٹ محترم سیّد

بقیہ صفحہ نمبر 12 پر

بقیہ: اصل والاصول......نشست ہفتم

انتظار حسین شاہ زنجانی صاحب ہر سال زنجانی جنتری کی زینت بناتے ہیں، وہاں سے دیکھ سکتے ہیں۔ ہاں ورد کی تعداد کتنی ہے تو میرے بھائیو شمس کے اعداد نکالیں، جو 370 ہوتے ہیں، یہی تعداد ورد کرنے ہیں، روزانہ کریں، اللہ کو پکاریں سب کچھ ملے گا۔ مربع پر کرلیں یا مثلث یہ آپ کی مرضی ہے، چال آتشی رکھیں، اگربتیاں ضرور جلائیں، اچھا سا عطر لگا کر پاک وصاف ہو کر لکھیں، پورے یقین اور اعتماد کے ساتھ، ساعت شمس کی نکال لیں اور دیکھیں کہ ساعت نحس نہ ہو۔ میری طرف سے عام اجازت ہے، اگر خود نہ بنا سکیں تو قبلہ شاہ زنجانی صاحب سے بنوالیں یا مجھ حقیر سے رابطہ کریں۔ یہی ایک نقش تمام عمر کے لیے کافی ہوگا۔ نقش کی چال اور اس کا خاکہ میں دے رہا ہوں۔ اس کے مطابق پُر کریں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا اللہ اسم الٰہی تین مرتبہ

میکائیل — جبرائیل — اسم الٰہی — اسم الٰہی — اسرافیل — عزرائیل

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

نام معہ والدہ

وکفیٰ باللہ شہیداً محمد رسول اللہ

اگر کوئی شخص اس دوران کسی خاص قسم کا ورد کرنا چاہے تو وہ بھی اللہ کے ناموں کا ورد کرے، جس مقصد کے لیے کرے گا، کامیاب ہوگا۔ ترتیب میں لکھ رہا ہوں، کرلیں۔

یا اللّٰہُ یا ھادیُ یا طاھر یا ملك یا فتّاح یا شفیع یا ذاکر

ان اللہ کے پاک ناموں کا ورد 127 مرتبہ کرلے، اللہ کامیابی دے گا۔

فیوضِ عملیات

ازتحریر: قسور حسین ہیلی

معزز قارئین! ماہ جولائی کا مہینہ عملیات کے لیے نہایت ہی اہم ہے۔ اس مہینے میں اوجِ شمس اور سورج گرہن ہو رہا ہے۔ لہٰذا ان اوقات میں آپ اپنے اُن مقاصد کو پایہ تکمیل تک پہنچا سکتے ہیں۔ جو دوسرے اوقات میں مکمل نہیں ہوسکے۔ لہٰذا آج کی محفل میں اُس عمل کو بیان کروں گا جو ان اوقات میں اپنا مکمل اثر ظاہر کرتا ہے۔ اپنے یقین کو مضبوط کر کے یکسوئی کے ساتھ عمل کریں۔ انشاءاللہ آپ اس عمل کو بے اثر نہ پائیں گے۔

عمل سورج گرہن:

کتاب جواہر العملیات کا یہ نقش جو دفع وبیمار کرنے دشمنوں کے عجیب تاثیر کا حامل ہے۔ لیکن یہ عمل وہاں کریں جہاں پر شریعت اجازت دیتی ہو۔ اگر کسی غلط جگہ استعمال کروگے تو خود ذمہ دار ہوگے۔ میں اور شاہ زنجانی صاحب مکمل طور پر بری الذمہ ہیں۔
گرہن جیسے ہی لگے آپ اس نقش کو ہینگ ولہسن کے چھلکے وگندھک کا بخور جلا کر یہ نقش سُرخ ٹھیکری پر لکھیں۔ اس ٹھیکری پر 1000 دفعہ سورۃ الھمزہ پڑھیں۔ ہر سو پر توکیل کریں۔ پھر اس ظالم کے گھر میں دفن کردیں۔ 40 دن کے اندر دشمن شدید بیمار ہو جائے گا اور جب تک تم ٹھیکری نہ نکالوگے اور اس کو پانی میں نہ بہاؤگے۔ دشمن ٹھیک نہ ہوگا۔ اللہ سے ڈریں اور صرف جائز مقاصد کے لیے استعمال کریں۔

ا

ج ج ج

ہ ہ ہ ہ ہ

ز ز ز ز ز ز ز

ط ط ط ط ط ط ط ط ط

ز ز ز ز ز ز ز

ہ ہ ہ ہ ہ

ج ج ج

ا

فلاں بن فلاں شَدِیْدُ العَذَاب

توکیل اس طرح کریں۔ **تَوَکَّلُو یَا خُدَامَ ھٰذَا الاَسماءِ فلاں بن فلاں شَدِیْدُ العذاب دائمًا اَبَدًا**

گزشتہ سے پیوستہ

اعمالِ حروفِ صوامت گرہن میں

از تحریر: میاں جاوید اقبال، بدوملہی

ماہ جون کے شمارہ میں بندش کی کافی اقسام کے مقاصد بیان کیے گئے ہیں جن کو آپ اپنی ضروریات کے تحت استعمال میں لا سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ بھی انسانی زندگی کے علاوہ مادی اشیاء پر کئی اقسام کی بندش کے اصول لاگو ہوتے ہیں۔ آئندہ مضامین میں ان پر بھی لکھوں گا اوران ساعات پر بھی جن کو گرہن اور قمر در عقرب کے علاوہ عمل تیار کر کے استفادہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ بلکہ گرہن سے بھی بہتر نتائج حاصل ہوتے ہیں۔ گرہن میں اکثر عاملین زکات ادا کرنے میں صرف کرتے ہیں۔

احد ۔ رسص ۔ طعك ۔ لموه

زیادہ تر عاملین ان حروف پر انحصار کرتے ہیں۔ اگر کسی سے بھی پوچھا جائے تو ان کے اعداد کی تعداد 543 بیان کی جاتی ہے۔ اعداد تو حروف قمری کے تحت لیے جاتے ہیں۔ جبکہ ان حروف کی ترتیب حروف شمسی پر مشتمل ہے اور حروف شمسی کی تعداد 3465 آ جاتی ہے۔ اعداد کی تعداد قمری مگر پڑھنے کی ترکیب ترتیب حروف شمسی، جبکہ حروف قمری کے تحت ان کی ترتیب یوں ہوتی ہے۔

ادهو ۔ حطك ۔ لمس ۔ عصر

ان حروف بالا کی ترتیب عین حروف قمری کے مطابق ہے۔ ہم سابقہ کئی عاملین کے مضامین پڑھتے رہے ہیں اور ان کی دی گئی ترتیب کے مطابق زکات ادا کرتے رہے ہیں۔ جبکہ یہ مسئلہ میں نے آپ کے سامنے رکھ دیا ہے اور اس کا حل یوں نظر آیا ہے کہ گرہن قمری میں **ادهو۔ حطك۔ لمس۔ عصر** کو اعداد 543 کے مطابق پڑھا جائے جبکہ **احد۔ رسص۔ طعك۔ لموه** کو گرہن شمسی میں بمطابق حروف شمسی 3465 کی زکات ادا کی جائے۔ تب جا کر گرہن قمری اور گرہن شمسی میں تخصیص ہوتی ہوئی نظر آتی ہے۔

اور ان کو گرہن قمری میں ترتیب حروف قمری کے تحت عمل میں استعمال کریں۔ جبکہ گرہن شمسی میں ترتیب حروف شمسی کے تحت عمل میں استعمال کرنے سے حروف صوامت پر مبنی عمل کی تاثیر فوراً ظاہر ہو جاتی ہے۔

قارئین کرام! امید ہے یہ زکات آپ کی سمجھ میں ضرور آئے گی۔ اختلاف کی صورت میں یہ بندہ آپ کی رائے کا طالب ہوگا۔ اس نئی ترتیب کے مطابق عمل تیار کر کے دیکھیں یقیناً آپ میری رائے سے متفق ہو جائیں گے۔ اکثر عاملین دیکھا دیکھی بھیڑ چال میں بغیر غور و خوض کے کام کرتے رہے ہیں۔ ان کی تراکیب میں ایک خاص راز ہے۔ آپ اس تراکیب کے مطابق عمل سے مستفید ہوں۔

اب رہا اوقات کا مسئلہ روز روز گرہن ملنے سے تو رہے۔ لہٰذا گرہن قمری و شمسی کے قمر در عقرب کے علاوہ آپ عمل کو پُر زور اور سریع التاثیر بنانے کے لیے ان اوقات میں عمل تیار کر سکتے ہیں۔ جن کو دیکھنے کے لیے ''زنجانی جنتری'' کا سہارا لیں۔ سابقہ ماہ جون میں کچھ اوقات دیے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ دو ستاروں کے درمیان جو نظر قائم ہوتی ہے وہ ایک خاص تاثیر ظاہر کرتی ہے۔ نظرات کواکب کے درمیان جو نحس نظر بنتی ہے۔ عملیات صوامت میں ان اعمال میں ایک خاص تاثیر پیدا ہو جاتی ہے۔

مقابلہ / تربیع	اعمال
قمر و زحل	دشمن کو بیمار کرنا، ذلیل و خوار کرنا
عطارد و زہرہ	کاروبار بند کرنا، دوستوں میں جدائی
عطارد و مریخ	بیمار کرنا، عقد الزنا، عقد الحب
قمر و عطارد	دو مخصوص افراد میں جدائی
قمر و زہرہ	عورت اور مرد میں طلاق کے لیے
قمر و مریخ	تحفظ دشمن کے لیے
عطارد و زحل	مالی نقصان کرنا، کاروبار تباہ کرنا
زہرہ مریخ	عورت و مرد کے درمیان شدید نفرت و جدائی
قمر و شمس	اعلیٰ مرتبہ سے گرانا، فتنہ فساد
عطارد و مشتری	دشمن کو تباہ و برباد کرنا
زہرہ و مشتری	تنزلی عہدہ، ذلیل و خوار
مریخ و شمس	لڑائی جھگڑا، دشمنوں کو منتشر کرنا
زہرہ و زحل	عورتوں اور مردوں کے درمیان فساد ڈالنا
زحل و شمس	عقد اللسان، بغض، عداوت شدید
مریخ زحل	ہلاکتِ دشمن، تباہی و بربادی
مریخ و مشتری	سزا دینا، عذاب میں مبتلا کرنا
مشتری و زحل	استحکام کو توڑنا، عہدہ سے تنزلی کے لیے

بعض عاملین کرام حروف صوامت سے صرف اور صرف عقد، بندش، بغض، عداوت، تباہی و بربادی و ہلاکت جیسے اعمال تیار کرتے ہیں۔ بے شک یہ حروف کی طاقت ہے کہ یہی حروف صوامت آدمی کو بالکل ناکارہ اور ہلاکت کی حد تک لے جاتے ہیں۔ ان حروف سے ایسے کئی خطرناک اعمال تیار کیے جاتے ہیں کہ انسان ان کی روحانیت کی طاقت دیکھ کر دنگ رہ جاتا ہے۔ اس بندہ نے صرف اور صرف صوامت سے ایسے اعمال تیار کیے ہیں کہ بعض اوقات خود ہی حیران و پریشان ہو جاتا ہوں۔ شعبہ ہائے زندگی کے بے شمار ایسے اعمال تیار کر چکا ہوں کہ صدیوں سے ان اعمال نے کتاب و قلم کی شکل نہ دیکھی ہے۔ خاص کر بغض و ہلاکت و تباہی دشمن اور ناجائز قبضہ چھڑوانا جیسے خاص عمل ہیں۔ ان حروف کی فطرت سے ہٹ کر حب جیسے کئی اعمال تیار کر چکا ہوں۔ جن میں سے ایک عمل کی وضاحت کرتا ہوں۔

حروف صوامت اعمال حب میں

قارئین کرام! آج میں ایک ایسے عمل کی تھوڑی سی وضاحت کرتا ہوں۔ یہ عمل ایک عام عمل ہے جو کہ ہزاروں سال یہ بطور حُب و احضار کے لیے سریع التاثیر مانا جاتا ہے۔ یعنی اعداد متحابہ کا طلسم ''رُك رفـد''۔ یہ وہ طلسم ہے جو صدیوں سے اعمال حُب میں استعمال ہو رہا ہے۔ آج میں آئینہ قسمت کی وساطت سے اس عمل کی وضاحت بیان کرتا ہوں۔ شاید پہلے اس کا یہ خاص راز کسی کو نہ معلوم ہو۔ یہ صرف اور صرف آئینہ قسمت کے قارئین کی نظر کرتا ہوں۔

رُك رفـد یہ اعداد متحابہ قدیم زمانہ سے بطور حب جانے جاتے ہیں۔ پانچ حروف پر مشتمل یہ طلسم صرف صوامت کے چار حروف پر مبنی ہے۔ ان کے اعداد قمری 220+285=504 بنتے ہیں۔ قارئین کرام یہاں پر تھوڑی سی توجہ چاہیے۔ 504 عدد پر مشتمل یہ طلسم اعمال بنانے سے تکسیر کے لیے طالب و مطلوب کے درمیان لکھ کر تکسیر جفری کی جاتی ہے۔

جب آپ تکسیر جفری مکمل کر لیں تو سطر اول کے حروف کے اعداد ملفوظی لے لیں۔ جس سے عمل انتہائی طاقتور ہو جاتا ہے۔ میرا سمجھانے کا مطلب یہ ہے کہ جب آپ **رك رفد** کو ملفوظی لکھیں گے تو

را کاف را فا دال

رك رفـد کو جب ملفوظی لکھ کر اعداد جمع کریں گے تو اس کی تعداد 619 ہو جائے گی۔

قارئین کرام! رک رفد 504 سے ملفوظی لکھنے سے اعداد 619 ہوں گے تو قارئین کرام جانتے ہیں کہ اعداد 619 سب سے بڑے صوامت کا درجہ ہیں۔ یعنی

لَا اِلٰہ اِلّا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ

یعنی ثابت ہو گیا کہ **رك رفـد** کو اگر ملفوظی لکھا جائے تو اعداد کلمہ طیبہ کے اعداد 619 ہو جاتے ہیں اور عمل کی طاقت کا سرچشمہ کلمہ طیبہ کی روحانیت سے ہزاروں گنا بڑھ جاتا ہے اور عمل کی تاثیر فوراً ظاہر ہو جاتی ہے۔ یہ آپ پر منحصر ہے کہ اس تکسیر جفری کو ملفوظی میں تبدیل کر کے کس قسم کا عمل تیار کرتے ہیں۔ بعد ازاں نیچے عزیمت میں طلسم **رك رفد بحق لَا اِلٰـہ اِلّا اللّٰہ** کا واسطہ ضرور دیں۔ اس طرف عمل صوامت پر مبنی وہ جائے گا اور اس کے اثرات بھی صوامت جیسے سریع التاثیر ہوں گے۔

اسی طرح مثبت اقدام کے طور پر اعلیٰ و مرتبت، رزق و کاروبار، حصول مال و دولت اور حصول رزق و مختلف امور زندگی کے بارے کئی اعمال تیار کر چکا ہوں۔ خلفی اقدام میں بغض، جدائی، عقد الزنا، عداوت، ہلاکت، تباہی دشمن اور بے شمار۔

قارئین کرام! اس طرح کے صوامت کے اعمال جو کہ تجربہ شدہ اور مجرب ہوں گے وہ آپ تک آئینہ قسمت کے ذریعے آپ تک پہنچتے رہیں گے۔ صوامت کے اعمال جو کہ صرف عقد کے لیے مشہور تھے۔ بشرط زندگی ان پر لگا ہوا صرف عقد و بندش کا دھبہ دھو دوں گا اور قابل حیرت اعمال صوامت کے ہوں گے جو کہ شاید ہی صوامت کے عاملین کے پاس ہوں۔ تمام قارئین جانتے ہیں کہ حروف صوامت تمام سے سریع التاثیر ہوتے ہیں۔ اس لیے عمل مثبت بنائیں تاکہ منفی رجعت سے بچنا ضروری ہے۔ یہی اس کی فطرت ہے۔ اس لیے ان اعمال کی زکات یا اعمال بنانے سے پہلے شاہ زنجانی صاحب یا مجھ فقیر سے اجازت ضرور لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حروف صوامت مزید مضامین میں مختلف اعمال اور ان کے نقوش ایک خاص ترتیب و ترکیب سے صرف آئینہ قسمت میں ہی ملاحظہ کریں۔ حروف صوامت اور حروف نورانی کے مشترکہ حروف پر اعمال دیے جائیں گے۔

Visit to Our Website:
www.astrologyavenue.com

ہاں! میں آئینہ قسمت کی ممبر شپ حاصل کرنا چاہتا ہوں

آپ کی تفصیلات

محترم/محترمہ ____________________

ایڈریس ____________________

____

فون نمبر __________ موبائل نمبر __________ تاریخ پیدائش __________

ممبر شپ ایک سال پر محیط ہوگی۔ سال کے آخر میں نئے سال کی زنجانی جنتری اعزازی ارسال کی جائے گی۔ ہر ماہ آئینہ قسمت کا شمارہ آپکے گھر بذریعہ ڈاک روانہ کیا جائے گا۔ آئینہ قسمت کی سالانہ ممبر شپ حاصل کرنے کے لیے کوپن پُر کر کے مبلغ **500** روپے ممبر شپ فیس (صرف پاکستان کیلئے) بذریعہ منی آرڈر اس پر پتہ پر روانہ کریں۔ (**نوٹ**: بیرون ملک کے قارئین ادارہ سے رابطہ کریں۔)

رابطہ کیلئے کاشانہ زنجانی، D-125، حضرت سیّد میراں حسین زنجانی روڈ، گلبرگ 2، لاہور فون: 042-35752277, 042-35872277

اسباق الرمل قسط نمبر 3

منسوباتِ اشکال

از تحریر:
صائم المصطفیٰ صائم
پاک پتن شریف

نصرۃ الداخل:

عام منسوبات: ستارہ مشتری، برج حوت، خواص سعد اکبر، حیثیت داخل، مرتبہ سداسی، عمر جوان، سمت شمال، ذائقہ شیریں لذیذ، جنس مؤنث مگر خانہ پنجم میں مذکر، مزاج سرد تر، گندم گوں، لاجوردی و سفیدی، قیمت اعلیٰ عنصر، آبی، نوعیت مردہ۔

وقت: دوپہر تا شام، دن جمعرات، مہینہ مارچ، رمضان المبارک، پھاگن، فصل گرما آخری ربیع۔

مقامات: بمطابق لحیان، مزید اضافہ آبی مقامات، بندرگاہیں، ساحل، سمندر و دریا، تالاب مچھلیوں سے بھرپور، کنویں سرسبز و شاداب، قدرتی مناظر، تیل کے کنویں، گھر میں پانی کی ٹینکی اور وہ تمام جگہیں جو پانی کے قریب اور سورج کی کرنوں سے دور ہوں، چلہ کی جگہ، غار کا اندرونی حصہ، جیل، قید خانہ، تنہائی کی جگہ، ہسپتال، ادویات کی فیکٹری، میڈیکل اسٹور، یتیم خانہ محتاج خانہ، دارالامان، پناہ گاہ، خندق، شراب خانے، کباڑ خانہ، بیگار کیمپ، خانقاہیں اور ایسی تمام جگہیں کہ جہاں سیال یعنی مائع اشیاء موجود ہوں۔

فطرت: خوش خلق، نیک، خدا ترس، متواضع حلیم و بردبار، مہربان، ہمدرد، زمانے بھر کا درد سینے میں رکھنے والا، سیدھے سادھے، ہر ایک کی مدد کو ہر لمحہ تیار، مخفی، مریضانہ، مذبذب، روحانی، صاحب وجدان، انسان دوست، بہت جلد متاثر ہونا، ذرا سی بات پر رو دینا، بے حد جذباتی، ناقابل فہم، معاملات طے کرتے کرتے خود اُلجھ جانا، لطیف تخلیقی خیال رکھنے والا، اخفائے راز کا دلدادہ، غلط فہمی کا شکار ہونے والا، چونکنا اور چونکانے والا، ڈرامائی اور پراسرار انداز میں کلام کرنے والا، گمبھیر لہجہ۔

افراد و پیشہ: بمطابق، مزید اضافہ، افسران محکمہ مال، وکلاء، وزراء جسٹس، خزانچی، تاجران غلہ، پروفیسرز، تدریسی، غنائیہ، شعراء و موسیقار، مذہبی شخصیات مفتی، عالم، قاری، حافظ، مہتمم مدرسہ، روحانی قوتوں کا مالک، منجم و ستارہ شناس، سوشل ورکرز، سپرنٹنڈنٹ، دارالامان کے منتظم، ملاح، غوطہ خور، افسرانِ بحری افواج، ماہر ادویات، جاسوس، نشے کا عادی، شراب فروش، ہسپتال اور جیل میں کام کرنے والے، تیل اور مشروب کے کاروباری ایسے تمام شعبے جو سیال و گیسوں سے متعلق ہوں، کیڑے، سٹاک شیئرز، انعامی معمے، بانڈز، ترقیاتی اسکیمیں وغیرہ

اعضائے جسم انسانی: سر، جگر، معدہ، انتڑی، ران، اخلاط دموی و اعضاء مرکبہ، منی، مغز، آلات حسن، حس، لمس، گوش چپ، خون، نظام ہضم اور دماغ کے فطری بمولعل

ادویات: بمطابق مزید اضافہ، خرفہ، بنفشہ، نیلوفر، بہی دانہ، اسپغول، روغن بنفشہ، قرصِ کا کنج، معجونِ بنفشہ، رب السوس، شربت بہی دانہ، منقیٰ، کشتۂ نقرہ۔

امراض: بمطابق لحیان، مزید بواسیر، اسہال، سوزشِ اعضاء، تپ صفرا، قے، درد کمر، درد ناف، درد سر، درد جگر، لقوہ، تشنج، ہیپاٹائٹس وغیرہ

پرند: بمطابق لحیان، مزید ہنس خوش رنگ، طوطی، مینا، رنگ برنگی چڑیاں۔

چرند: بمطابق لحیان، مزید آبی حیوانات، مچھلی، مرغابی

بقیہ صفحہ نمبر 43 پر

بقیہ: اسباق الرمل

طعام: بمطابق لحیان، مزید دال، چاول، بیسنی روٹی، فالودہ، پلاؤ، کھیر وہ تمام کھانے جو شیریں و نرم ہوں۔

درخت: بمطابق لحیان، مزید وہ تمام اشجار کہ جو آبی جگہوں پر ہوں۔

پھل و میوہ جات: بمطابق لحیان، مزید شفتالو، سردہ، انار

جواہرات: الماس، یاقوت، وہ جواہرات، جو سمندروں اور دریاؤں کی تہوں میں پائے جاتے ہیں۔ مثلاً مروارید

معدنیات: نقرہ، قلعی، شیشہ

رشتے: بمطابق لحیان۔

ملک و شہر: بھارت، سندھ، چین، ترک، عرب، بصرہ، وہ تمام مقامات جو سمندر و دریا کے کنارے واقع ہیں۔

متعلقہ صورت: یعنی نصرۃ الداخل کی شکل میں درج ذیل صورتوں سے مشابہت رکھتی ہے، معزول و گرفتار شخص، مچھلی، رومال میں بندھا تحفہ، سانپ کہ جو آدھا بل سے باہر ہو، وہ اشیاء کہ جو جال یا زنجیر میں قید ہوں، پانی، کاغذ، روئی، برف، موم، سفید ظروف، گیلی خاک، معزول جج، وزیر، سفیر و پروفیسر وغیرہ، مریض مرگ، معشوق، سرخ رنگ عبارت، زیور میں انگشتری، صلیب و گلوبند۔

قوت و ضعف: نصرۃ الداخل کو زائچہ میں خانہ 4 میں شرف، خانہ 5 میں وبال، خانہ 10 میں ہبوط، خانہ 6 میں کمزور، خانہ 5 اور 11 میں حالتِ فرح، خانہ 11 اور 12 میں باقوت ہوتی ہے۔

منسوبی اسم اعظم: متعلقہ فرشتہ سیّدنا حضرت اسرافیل علیہ السلام اور اسمِ اعظم یا کبیرُ یا مُتعالُ، مقررہ قمری تعداد 773 ہے۔

صدقات: گندم، جو، چاول، چنے کی دال، زرد کپڑا، سرخ شکر

قدرت کا انعام

جیسا کہ میں نے اپنے پچھلے مضمون میں عرض کیا تھا کہ اللہ کے فضل و کرم سے ان ڈبیوں نے چلنا ہے۔ تو آپ سب حضرات نے اپنی آنکھوں سے ملاحظہ فرمایا کہ اللہ کا کتنا کرم ہوا ہے۔ 7500 کی قرعہ اندازی میں 62 کا آکڑہ سیکنڈ میں چلا ہے اور 1500 کی قرعہ اندازی میں 05 کا آکڑا اور 569 کا ٹنڈولہ سیکنڈ میں چلا ہے۔ انشاء اللہ ماہ جون کی ڈبیوں میں سے بھی آپ کو مایوسی نہیں ہوگی۔ آکڑہ ضرور چلے گا اور اللہ کے فضل و کرم سے فسٹ میں بھی کامیابی ہوگی۔ میں چونکہ مضمون ایڈوانس میں لکھتا ہوں اس لیے مجھے معلوم نہیں ہوتا کہ کیا آیا ہے اور کیا نہیں۔ اب اس مضمون میں ماہ جولائی کی قرعہ اندازیوں کی ڈبیاں دے رہا ہوں۔ انشاء اللہ ماہ جولائی میں یہ ڈبیاں کامیاب ہوں گی۔ آئندہ مضمون میں تھوڑا دیر سے لکھوں گا۔ ان قرعہ اندازیوں کو دیکھنے کے بعد تا کہ ان پر مزید گفتگو کی جا سکے۔ جبکہ دائمی جدول والی ڈبیوں میں بھی ذرا گفتگو ساتھ ساتھ ہو جائے۔ 15 اپریل 750 کی قرعہ اندازی میں فسٹ ہندسہ 2، فسٹ آکڑہ 23، سیکنڈ ہندسہ 8 اور سیکنڈ آکڑہ 89 میں چلا۔ 3 مئی کو 7500 کی قرعہ اندازی میں فسٹ ہندسہ 8 اور 17 مئی 1500 کی قرعہ اندازی میں 3 کا ہندسہ سیکنڈ میں چلا۔ یوں سال 2010ء کی 17 مئی تک کوئی ناکامی نہیں ہوئی۔ ایک بار پھر نئی ڈبیاں حاضر خدمت ہیں۔ جو ہماری یاد دلاتی رہیں گی۔ فائدہ ہونے کی صورت میں قبلہ سیّد ناظر حسین شاہ زنجانی صاحب مرحوم و مغفور، دادا جان حفیظ علی شاہ، دادی جان کی بلندی درجات کے لیے دعا اور میرے والد محترم کی صحت یابی کے لیے خصوصی دعا کی اپیل ہے۔ ڈبیاں ماہ جولائی کے لیے حاضر ہیں۔

یکم جولائی 2010ء / 15000 روپے

9	5
4	
0	6

15 جولائی 2010ء / 750 روپے

2	1
7	
6	3